# 30-11-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔وزیراعظم نریندر مودی نے من کی بات پروگرام میں کہا کہ کریم نگر کے دھاتوں کے فنکاروں کا فن ہے قابل ستائش۔کہااس سے ووکل فار لوکل کو ہوگا کافی فائدہ۔

۲۔ چیف منسٹر ریونت ریڈی کل سے مختلف اضلاع کا کریں گے دورہ۔بعض ترقیاتی وفلاحی کاموں کا رکھیں گے سنگ بنیاد۔

۳۔ زمین کی حفاظت میں قدرتی زراعت اداکرتی ہے اہم رول۔وزیراعظم نے کہااِس طریقہ کارکو مرکزی حکومت دے رہی ہے فروغ۔

اور

۴۔ طوفان دتواسے آئندہ چوبیس گھنٹوں کے دوران ہوگی ہلکی سے اوسط بارش۔محکمہ موسمیات نے دی جانکاری۔

MAN KI BAAT

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا کہ ہندوستان نے تین سوسات ملین ٹن اجناس کی پیداوار کرکے زرعی شعبے میں ایک ریکارڈ قائم کیا ہے۔وزیراعظم نے آج اپنے من کی بات کے ایک سواٹھائیس ویں پروگرام سے خطاب کررہے تھے۔انہوں نے واضح کیا کہ گذشتہ دہائی کے مقابلےاجناس کی پیداوار میں سوملین کااضافہ ہواہے۔

Byte

----------------------------------

VOKAL FOR LOCAL

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا کہ ملک میں فی الحال دیسی اشیاء کے تعلق رجحان بڑھ رہا ہے۔انہوں نے آج آکاشوانی کے ذریعے من کی بات کے ایک سو اٹھائیس ویں اپی سوڈ سے ملک کے عوام سے اپنے خیالات کا اظہار کررہے تھے۔انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کی جانب ووکل فار لوکل کو اپنی زندگی کا حصہ بنانا ایک خوش آئند بات ہے۔انہوں نے کہا کہ حال ہی میں جاپان اوراٹلی کے دورہ کے دوران انہوں نے چاندی کے ذریعہ تیار کردہ گوتم بدھ کی مورتی کو وہاں کے وزرائے اعظم کو پیش کیا جو کہ تلنگانہ کے کریم نگر کے ایک فنکار نے تیار کیا تھا۔

Byte

---------------------------------

Natural Agriculture

وزیراعظم نے کہا کہ قدرتی زراعت ملک کا قدیم زرعی طریقے ہے۔انہوں نے بتایا کہ زمین کے تحفظ میں قدرتی زراعت کافی فائدہ مند ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ اس قدیم طریقے کو جنوبی ہند کے بعض کسان اپنارہے ہیں۔جو کہ کافی خوش آئند بات ہے۔

Byte

---------------------------------

Mann Ki Baat Reaction

وزیراعظم نریندر مودی کے من کی بات پروگرام کے تعلق سے بعض افراد نے آکاش وانی سے اپنا ردِعمل ظاہر کیا۔

Byte.

Announcement

وزیراعظم نریندر مودی کی من کی بات پروگرام سے متعلق تلگو ترجمہ آج شب 8 بجے نشر کیا جائے گا۔

winter season

وزیراعظم نے کہا کہ کئی مما لک موسم سرما کے تحت سیاحت کو کافی فروخت دے رہے ہیں اس سے معیشت میں بھی بہتری آرہی ہے۔انہوں نے کہا کہ ملک میں کئی علاقے ایسے ہیں جو کہ سرمائی سیاحت کوفروغ دے سکتے ہیں۔جھارکھنڈ جیسی ریاستوں سے سیاح کافی متاثر ہورہے ہیں۔

Byte

--------------------------------

Sports November

وزیراعظم نریندمودی نے کہا کہ کھیلوں کے تعلق سے نومبر کے مہینہ میں کئی انوکھے واقعات پیش آئے ہیں۔ ہندوستان کی خاتون ٹیم عالمی ورلڈکپ جیتا ہے۔اسی طرح ٹوکیو میں منعقدہ معذور کھلاڑیوں کے اولمپکس میں ہمارے ملک نے 20 تمغات حاصل کئے ہیں جبکہ کبڈی کی ٹیم نے ورلڈکپ جیتا ہے۔اس کے علاوہ ورلڈ باکسنگ کپ ٹورنمنٹ میں ہمارے کھلاڑیوں نے 20 تمغے حاصل کر کے ملک کا نام روشن کیا ہے۔یہ کافی فخر کی بات ہے۔

Byte.

Weather

خلیج بنگال میں دتوا طوفان شمال کی جانب پڈوچیری سے 110 کلومیٹر اور چینائی سے 180 کلومیٹر کے فاصلہ پر دتوا طوفان مرکوز ہے،آج رات ہوا کے کم دباؤ میں تبدیل ہوجائے گا۔اس بات کی

اطلاع محکمہ موسمیات نے دی۔اس طوفان کے اثر کی وجہ سے آئندہ 24 گھنٹوں میں تلنگانہ کے بعض اضلاع میں اوسط سے ہلکی بارش ہوسکتی ہے۔ خاص طور پر کھمم ، نلگنڈہ، سوریہ پیٹ، ناگر کرنول اضلاع میں بعض مقامات پر بارش کے امکانات ہیں اور پرسوں بھی بعض اضلاع میں ہلکی بارش کے امکانات ہیں۔

Revanth Reddy - Dist Visit

چیف منسٹر ریونت ریڈی 2 دسمبر کو بھدرادری کوتہ گوڑم ضلع کا دورہ کریں گے۔اس موقع پر اَرتھ سائنس یونیورسٹی کا افتتاح انجام دیں گے۔ ریاستی وزیر تملا ناگیشور راؤ، چیف منسٹر کے دورہ کے انتظامات کا جائزہ لے رہے ہیں جبکہ چیف منسٹر ریونت ریڈی کل سے ہی مختلف اضلاع کا دورہ کریں گے۔

MLC Kavitha

رکن قانون ساز کونسل کویتا نے گرام پنچایت انتخابات کے تحت چیف منسٹر ریونت ریڈی کے مختلف اضلاع کے دورہ کی تیاری پر اعتراض جتایا۔ انہوں نے الزام لگایا کہ گرام پنچایت انتخابات کی تیاریوں کے دوران ضلع ہیڈکوارٹرس میں چیف منسٹر کی جانب سے ترقیاتی کاموں کا سنگ بنیاد رکھنا سیاسی فائدہ اٹھانے کے علاوہ کچھ نہیں ہے۔

Current Charges

ڈسکامس نے اگلے مالی سال 2026-27ء میں بجلی کے چارجس میں اضافہ نہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔آئندہ سال متعلق اے آر آر اور ٹیرف سفارشات کو الکٹریسٹی ریگولیٹری کمیشن میں داخل کیا گیا ہے۔

Marathon Sangareddy

آئی آئی ٹی کے ڈائرکٹر بی سی ایس مورتی نے کہا کہ چہل قدمی اور دوڑ انسانی جسم اور دماغ کیلئے کافی فائدہ من ہے۔فٹ انڈیا نعرے کے تحت حیدرآباد کے آئی آئی ٹی میں ہاف مارتھن کا انعقاد کیا گیا۔اس مارتھن میں معذور افراد کے عالمی کھیلوں میں کانسہ کا تمغہ حاصل کرنے والے بانوت پاوًنی اور سنگاریڈی کے ایڈیشنل کلکٹر بی چندر شیکھر نے شرکت کی۔

Sound Byte

TET

ریاست میں ٹیچروں کا اہلیتی امتحان ٹیٹ کیلئے درخواست دینے کی آخری تاریخ کل ختم ہوئی۔آئندہ تین جنوری سے 31 جنوری کے دوران ٹیٹ امتحانات کا انعقاد کیا جائے گا۔واضح رہے کہ فی الحال برسرخدمت ٹیچروں کیلئے بھی ٹیٹ ضروری ہونے کی وجہ سے 70ہزار 851اساتذہ نے بھی درخواست دی ہے۔سپریم کورٹ نے واضح کیا ہے کہ دو سال کے اندر ٹیٹ کی اہلیت حاصل نہ کر پائے تو مستقل طور پر ملازمت میں برقرار نہیں رہ سکتے۔

handicap

ریاستی حکومت نے ریاست میں معذور افراد کی فلاح و بہبود کیلئے ایک جامع ترقیاتی منصوبہ تیار کیا ہے۔تعلیم ، علاج اور روزگار کے ساتھ ایک باعزت زندگی گزارنے کے لئے معذور افراد کو دئے جانے والے سہولتوں کے بارے میں وضاحت کی۔حکومت نے اس منصوبہ میں بتایا کہ مکمل بیمہ سہولیات حاصل کرنے کیلئے ایک خصوصی کارپس فنڈ قائم کر کے پریمیم ادا کیا جائے گا۔

RRR

نیشنل ہائی وے اتھاریٹی نے ریجنل رنگ روڈ کے شمالی حصہ کے کاموں کیلئے ایک بار پھر بولی لگانے کیلئے مدعو کیا ہے۔ سنگا ریڈی ضلع کے گیر ما پور سے یادادری بھونگیر ضلع کے تنگڑ پلی تک جملہ 161 کلو میٹر سے زائد گرین فیلڈ ریجنل اکسپریس وے کے طور پر 6 ٹریک والی روڈ کے طور پر ترقی دی جائے گی۔ جملہ پانچ پیکیجز کے تحت اس پروجیکٹ کو تقسیم کر کے ایک ہی مرتبہ تعمیری کام کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔

OO